# آرڈیننس برائے مثبت استعمال یارڈ

**(چیبا کین آرڈیننس برائے اسٹوریج مخصوص آٹو پارٹس اندرون احاطہ یارڈ سے متعلق یارڈ کا مثبت استعمال)**

یارڈ میں اسٹور کئے گئے آٹو پارٹس سے خارج ہونے والے آئل وغیرہ کا ارد گرد کے علاقے میں اخراج، اور چوری یا غیر قانونی طریقے سے حاصل شدہ آٹو پارٹس کا یارڈ کے احاطے میں اسٹور کرنے کے واقعات دیکھنے میں آئے ہیں۔

لہٰذا چیبا کین میں، صوبے کے باشندوں کی روزمرہ زندگی کو محفوظ بنانے اور پُر امن زندگی کو یقینی بنانے کی غرض سے آرڈیننس برائے مثبت استعمال یارڈ(عرف عام) کا قیام عمل میں لایا گیا۔ (نافذ شدہ یکم اپریل ۲۰۱۵)

یارڈ کے کارکنان کے لئے، بشمول متعلقہ جملہ قواعد و ضوابط اس نئے آرڈیننس کے قوانین کی پاسداری کرنا لازمی ہوگا۔

علاوہ ازیں، یارڈ قائم کرنے والے حضرات اور زمین کے مالکان سے بھی تعاون کی درخواست ہے۔

- ◆ چیبا کین میں موجود یارڈ میں آٹوپارٹس کے اسٹوریج اور گاڑیوں کے پُرزے کھولنے سے متعلق آرڈینینس نافذ شدہ یکم اپریل ۲۰۱۵ سے ہے۔
- ◆ پہلے سے آٹو پارٹس کے اسٹوریج یا گاڑیوں کے پُرزے کھولنے کے لئے استعمال کئے جانے والے یارڈ وغیرہ پر بھی اس قانون کا اطلاق ہو گا۔
- ◆ اس قانون کے تحت ”یارڈ“ کا مطلب ہے ایسی جگہ جہاں انجن اور پروپیلر شافٹ وغیرہ آٹو پارٹس کو اسٹور یا گاڑیوں کے پُرزوں کو کھولنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہو۔ گردونواح کے کچھ حصہ میں بھی کنٹینر کی موجودگی یا لکڑی کی باڑ وغیرہ کی موجودگی پر بھی اس قانون کا اطلاق ہوگا ۔
- ◆ مثلاً، آٹو موبائل ری سائیکلنگ ایکٹ کے تحت آدھی کٹی ہوئی گاڑی سے پُرزہ جات کو کھولنے کی اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی لیکن اس آرڈینینس کا اطلاق اس پر بھی ہوگا۔

**چیبا کین**

## زمین کے مالکان اور یارڈ قائم کرنے والے حضرات سے اپیل۔

زمین اور یارڈ کرائے پر دینے یا فروخت کرنے کی صورت میں، براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس کے غیرقانونی یارڈ کے طور پر استعمال ہونے کا امکان تو نہیں ہے۔

مبادا اگر اس بات کا احتمال ہو کہ کرایہ پر دی گئی زمین اور یارڈ کا غیر قانونی استعمال ہو رہا ہے تو، متعلقہ اداروں سے رابطہ کیجئیے۔

## خلاف ورزی کی صورت میں کاروائی

حسب ضرورت، یارڈ کے اندر داخل ہوکر معائنہ اور سوالات کئے جائیں گے۔

اس آرڈینینس کی خلاف ورزی کی صورت میں، زیادہ سے زیادہ ایک سال قید کی سزا عائد کی جا سکتی ہے۔

**غور طلب نقطہ**

- جائے وقوعہ کا معائنہ کرنے کے دوران پولیس افسران بھی ساتھ ہو سکتے ہیں۔

### رابطہ کے لئے

- **آرڈینینس برائے مثبت استعمال یارڈ عمومی معاملات**

  چیباکین ماحولیات ڈویژن ،شعبۂ رہنمائی برائےیارڈ،بقیہ فالتو مٹی ،یارڈ اقداماتی ٹیم ☎ 043-223-4722

  جملہ محکمہ جات برائے علاقائی ترقی

- **آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ سے متعلق معاملات**

  چیباکین ماحولیات ڈویژن ،شعبۂ رہنمائی برائےیارڈ،بقیہ فالتو مٹی ،یارڈ اقداماتی ٹیم ☎ 043-223-4658

  جملہ محکمہ جات برائے علاقائی ترقی
  ایسے تمام شہر جن پر اس قانون کا اطلاق ہوتا ہے اور تمام مرکزی شہر

- **کاروبار برائے پُرانا سامان سے متعلق معاملات**

  چیبا کین پولیس ہیڈ کوارٹر شعبۂ برائے تحفظ رسم و رواج و اخلاقیات ☎ 043-201-0110 (نمائندہ)

- **یارڈ کے جرائم سے متعلق عمومی معاملات**

  چیبا کین پولیس ہیڈ کوارٹر شعبۂ تفتیش برائے بین الاقوامی معاملات ☎ 043-201-0110 (نمائندہ)

  جملہ پولیس تھانے

## یارڈ سے کیا مُراد ہے؟

اس قانون کے تحت ”یارڈ“ کا مطلب ہے ایسی جگہ جہاں انجن اور پروپیلر شافٹ وغیرہ آٹو پارٹس کو اسٹور یا گاڑیوں کے پُرزوں کو کھولنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہو۔

**غور طلب نقاط**

- گردونواح کے کچھ حصہ میں بھی کنٹینر وغیرہ یا لکڑی کی باڑ کی موجودگی پر بھی ، چاہے پوری طرح احاطہ نہ بھی کیا گیا ہو تو بھی اس جگہ پر اس قانون کا اطلاق ہوتا ہے۔
- کاروبار کے طور پر استعمال نہ کرنے کی صورت میں ۳۰۰ اسکوائر میٹر تک اس کا اطلاق نہیں ہوتا۔ لیکن اگر کاروبار کے طور پر استعمال کر رہے ہیں تو رقبہ سے قطع نظر اس قانون کے دائرہ میں آئے گا۔
- موٹر سائیکل کے پُرزہ جات اس قانون کے دائرہ کار میں نہیں ہیں، لیکن اگر پرانی گاڑیوں کے پُرزوں کے ساتھ ان پر کام کیا جارہا ہے تو اس قانون کا اطلاق ہوگا۔
- آدھی کٹی ہوئی گاڑی کو اسٹور کرنےکی صورت میں بھی اس قانون کا اطلاق ہوگا۔
- اس قانون کا اطلاق بنیادی طور پر ایسے تمام صارفین پر نہیں ہوتا جو روڈ ٹرانسپورٹ وہیکل ایکٹ کےتحت گاڑیوں کی اوور ہالنگ کے کاروبار کے لائسنس یافتہ ہیں۔

## ذمہ داری برائے پیشگی اطلاع

یارڈ کے احاطے میں گاڑیوں کے پُرزہ جات کو اسٹور کرنے اور کھولنے کے ارادے کی صورت میں اس قسم کی کاروائی کی ابتداء کرنے سے پیشتر ، گورنر کو باضابطہ طورپر مطلع کرنا ضروری ہے۔

اس آرڈینینس کے نفاذ سے قبل ہی اگر یارڈ کے احاطے میں مندرجہ بالا کام کیا جا رہا ہے تو بھی ۳۰ جون ۲۰۱۵ تک گورنر کو با ضابطہ مطلع کرنا ضروری ہے۔

**غور طلب نقاط**

- ایسے تمام حضرات جو آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ کے تحت گاڑیوں کو سکریپ کرنے کے اجازت نامہ کے حامل ہیں، اُن پر اس ذمہ داری کا اطلاق نہیں ہوتا۔
- باضابطہ رپورٹ کی دو نقول جمع کروانا ہونگی۔ اور اس میں درج کوائف، یارڈ کا محل وقوع، اسکیل، آلات، تیل وغیرہ کے بہاؤ کی روک تھام کے اقدامات کی تفصیل وغیرہ۔ اور اس سے منسلکہ دستاویزات میں یارڈ کا خاکہ اور یارڈ کے استعمال کے اختیارات کی تصدیق کئے جانے والے کاغذات وغیرہ ہونگے۔
- باضابطہ اطلاع کرنے کے بعد تبدیلی کی صورت میں، استعمال میں توقف یا ترک استعمال کرنا مقصود ہو تو بھی اس حوالے سے گورنر کو مطلع کرنا لازمی ہے
- مطلع کرنے والے شخص کے لئے ضروری ہے کہ فی یارڈ علامت کے طور پر نوٹیفیکیشن نمبر تحریر کرے۔

## تیل کے بہاؤ کی روک تھام کے اقدامات کے بارے میں فرائض

گاڑیوں کے پُرزہ جات میں استعمال کیا جانے والا تیل وغیرہ یارڈ کی زمین میں جذب ہونے سے روکنے کےلئے، یارڈ کا فرش کنکریٹ سے بنا ہوا ہونا ضروری ہے۔

گاڑیوں کے پُرزہ جات میں استعمال کیا جانے والا تیل وغیرہ کا یارڈ سے اخراج روکنے کے لئے چھت، باؤنڈری وغیرہ کا انتظام کرنا لازمی ہے۔

اگر آپ اس آرڈینینس کے نفاذ سے قبل ہی یارڈ کے احاطہ میں گاڑیوں کے پُرزہ جات کو اسٹور یا کھولنے کا کام کررہے ہیں تواس صورت میں ۳۰ جون ۲۰۱۵ تک ایسے اقدامات پر عملدرآمد کرنا ضروری ہے۔

**غور طلب نقطہء**

- ایسے تمام حضرات جو آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ کے تحت گاڑیوں کو سکریپ کرنے کے اجازت نامہ کے حامل ہیں، بنیادی طور پر اُن حضرات پر اس ذمہ داری کا اطلاق نہیں ہوتا، لیکن آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ کی بنیاد پر عائد فرائض کا پورا کرنا لازمی ہوگا۔

## حرکی آلات (انجن یا موٹر) کی تجارت کے قواعد و ضوابط

حرکی آلات وصول کرتے وقت، بیچنے والے فریق کے انچارج کا نام اور ایڈریس وغیرہ، کو یقینی طور پر جان لینا ضروری ہے۔

حرکی آلات وصول کرتے وقت، اگر اس بات کا شُبہ ہو کہ متعلقہ انجن چوری کا ہے تو اس صورت میں فوراً پولیس کو رپورٹ کرنا ضروری ہے۔

حرکی آلات کے لین دین کا ریکارڈ رکھنا، اور اس ریکارڈ کو تین سال تک اپنے پاس محفوظ رکھنا ضروری ہے

**غور طلب نقاط**

- ایسے حضرات جو پُرانے سامان کی فروخت کا کاروبار کرتے ہیں اور پُرانے سامان کے کاروبار ایکٹ کے کاروباری لائسنس کے حامل ہیں تو اس صورت میں اس قانون کے وہ حصے جو مماثلت رکھتے ہیں ان پر لاگو نہیں ہوتے، لیکن پُرانے سامان کے کاروبار کے ایکٹ کی بنیاد پر لاگو ہونے والے قواعد و ضوابط پر عملدرآمد کرنا ضروری ہے۔
- تجارتی نمائندے کا نام اور ایڈریس چیک کرنا قانون میں طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ہونا لازمی ہے۔ (یہ طریقہ کار پُرانے سامان کے کاروبارمیں بھی پُرانے سامان کاروبار ایکٹ میں چیک کرنے کے طریقہ کار جیسا ہی ہے)
- ریکارڈ قانون میں طے شدہ طریقے ”انجن ٹریڈنگ ریکارڈ رجسٹر“ کے مطابق ہونا لازمی ہے۔ اس میں درج کوائف، تاریخ خریدوفروخت، انجن کی پارٹس لسٹ اور خصوصیات، تجارتی فریق کا نام، تجارتی فریق کے انچارج کا نام وغیرہ شامل ہیں۔